# اطلاع برائے 27واں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ آئی جی آئی لائف انشورنس لمیٹڈ (کمپنی) کا 27واں سالانہ اجلاسِ عام مورخہ 28 اپریل 2022 بروز جمعرات بوقت 10:30 بجے صبح انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ پاکستان، کراچی آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوگا۔ اجلاس میں درجِ ذیل امور زیر بحث لائے جائیں گے:

## عمومی کارروائی

1- مؤرخہ 28 اپریل 2021 کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ اجلاس کے نکات کی توثیق۔

2- مؤرخہ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے گزشتہ سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں مع چیئرمین ریویو، آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کی وصولی، غور و خوض، اور منظوری۔

3- سال 2022 کے لیے اسٹیچوری آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔ موجودہ آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی (چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس) نے آڈیٹر کے طور پر تقرری کے لیے رضامندی ظاہر کی ہے اور بورڈ آف ڈائریکٹر نے ان کی تقرری کی سفارش کی ہے۔

4- چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

6 اپریل 2022 کراچی

بحکمِ بورڈ
**نادیہ پروین حسین**
کمپنی سیکریٹری

## 27ویں سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت

سالانہ اجلاسِ عام کے ممبران کی خیر و عافیت اور COVID-19 کی پانچویں لہر کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ اجلاسِ عام سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے بالترتیب 15 فروری 2021 اور 3 مارچ 2021 کو جاری کردہ ہدایات بذریعہ سرکلر نمبر 4 برائے 2021 اور سرکلر نمبر 6 برائے 2021 کی روشنی میں منعقد کی جا رہی ہے، اسی لحاظ سے سالانہ اجلاسِ عام میں حصص یافتگان کی Zoom کے ذریعے بذاتِ خود یا بذریعہ نائب (پراکسی) شرکت کے حوالے سے مندرجہ ذیل انتظامات کیے جا رہے ہیں۔

وہ اراکین / پراکسیز جو بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ ''رجسٹریشن برائے آئی جی آئی لائف سالانہ اجلاسِ عام 2022'' کے عنوان سے مندرجہ ذیل ٹیبل میں ذکر کردہ معلومات ہمارے کمپنی سیکرٹری کو سالانہ اجلاسِ عام سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے یعنی 26 اپریل 2022 کو 10:30 بجے سے پہلے igilifeagm@igi.com.pk پر ای میل کر دیں۔ بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس کی کارروائی میں شرکت کرنے کے لیے اراکین https://zoom.us/download کے ذریعے ایپلیکیشن / سافٹ ویئر ڈاؤنلوڈ کر کے لاگ ان کر سکتے ہیں۔

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام / پراکسی (نائب) | شناختی کارڈ نمبر | موبائل نمبر | ایمیل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

شیئر ہولڈر / پراکسی کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات موصول ہونے کے بعد کمپنی لاگ ان کی تفصیلات ان کے ایمیل ایڈریس پر ارسال کرے، جس سے وہ سالانہ عام اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کر سکیں گے۔

جو ممبران سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے اہل ہیں ان کو اپنی جانب سے کسی اور شخص کو اپنی جگہ اجلاس میں شرکت اور حق رائے دہی استعمال کرنے کے لیے نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کی اجازت ہے۔ نمائندہ (پراکسی) کے لیے کمپنی کا رکن ہونا ضروری نہیں۔ اپنی طرف سے نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے والے رکن کی طرف سے مکمل پُر شدہ پراکسی فارم دستخط کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 8 ایف، متصل ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہِ فیصل، کراچی کو مقررہ اجلاس سے لازماً 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا ضروری ہے۔

سالانہ اجلاسِ عام کے دوران اگر حق رائے دہی استعمال کرنے کی ضرورت پیش آئے تو ممبران ویڈیو لنک کے ذریعہ فیمکو پورٹل www.famco.com.pk/evoting.html پر Login ہو کر اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

## دیگر گزارشات:

1- کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب (Share transfer Book) مؤرخہ 21 اپریل 2022 سے 28 اپریل 2022 (دونوں دن شامل ہیں) تک بند رہیں گی۔

2- وہ انفرادی (Beneficial Owner) جن کے اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ سینٹرل ڈپازٹری کمپنی (CDC) میں ہوں اور وہ اجلاس میں اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے کے مجاز ہوں وہ اپنا کمپیوٹرائزڈ یا اسمارٹ قومی شناختی کارڈ اپنی شناخت کے لیے ضرور فراہم کریں اور نمائندہ (پراکسی) مقرر کرنے کی صورت میں اس کے کمپیوٹرائزڈ یا اسمارٹ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل فراہم کریں۔ کارپوریٹ ادارے کے نمائندگان (پراکسیز) کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور/ یا S.E.C.P کی طرف سے اس مقصد کے لیے مؤرخہ 26 جنوری 2000 کو جاری کردہ اعلامیہ نمبر 1 کے مطابق مطلوب تمام ضروری دستاویزات کی مصدقہ نقول فراہم کرنا ضروری ہے۔

3- اراکین (نان سی ڈی سی) سے التماس ہے کہ اگر ان کے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی ہو تو فوراً کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اس تبدیلی کی اطلاع کر دیں اور اگر ممکن ہو تو اپنا ای میل ایڈریس بھی فراہم کر دیں۔

4- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 223(7) کے تحت مالیاتی گوشوارے اور سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کر دی گئی ہیں اور اس کی رسائی http://igilife.com.pk/investor-relations/financial-reports/ کے ذریعے ممکن ہے۔

ممبران کو مزید مطلع کیا جاتا ہے کہ S.E.C.P کے ایس آر او 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 و کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنیز کو سالانہ رپورٹ بذریعہ ای میل فراہم کرنے کی اجازت دی دی گئی ہے۔ اس حوالے سے ہم نے درخواست فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک کر دیا ہے اور مزید یہ کہ کمپنی کی ویب سائٹ
http://igilife.com.pk/investor-relations/agm-related-forms/#1588198218774-0a90803a-a8bd پر بھی اپلوڈ کر دیا گیا ہے۔ جو اراکین یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ اپنا مکمل شدہ فارم شیئر رجسٹرار کو جمع کروا دیں۔

5- مزید یہ کہ 31 مئی 2016 کے ایس آر او 470(I)/2016 کے تحت S.E.C.P نے کمپنیز کو اپنے ممبران/ شیئر ہولڈرز کی رضامندی اور کچھ دیگر شرائط کی تعمیل کے عوض اپنے رجسٹرڈ شدہ پتوں پر ہارڈ کاپیاں ترسیل کرنے کے بجائے CD/DVD/USB کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی فراہمی کی اجازت دی ہے۔

6- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت لسٹڈ کمپنیز کے لیے ضروری ہے کہ وہ نقد منافع منقسمہ براہِ راست اپنے اہل حصص یافتگان کے مقررہ بینک اکاؤنٹس میں صرف بذریعہ برقی طریقہ کار منتقل کریں۔ اپنے منافع منقسمہ براہِ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں بذریعہ برقی طریقہ کار وصول کرنے کے لیے ازراہ کرم منافع منقسمہ کا برقی کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کریں۔ یہ فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے اور ہماری ویب سائٹ www.igilife.com.pk پر بھی موجود ہے۔ اگر حصص CDC میں موجود ہیں تو مذکورہ بالا معلومات سے کمپنی کو باخبر رکھنے اور منتقل کرنے کے لیے براہ راست CDS کے شراکت داروں کو جمع کروائیں۔ اراکین کے اکاؤنٹ یا IBAN نمبر کی تفصیل غلط ہونے کی صورت میں کمپنی منافع منقسمہ کی رقم کو مذکورہ بالا معلومات فراہم ہونے تک اپنے پاس روکے رکھے گی۔

7- وہ حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے اپنا منافع منقسمہ/ فزیکل/ بونس شیئر حاصل نہیں کر سکے ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ اوپر ذکر کردہ شیئر رجسٹرار سے فوری رابطہ کریں۔

8- کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی تعمیل کے تحت کسی بھی ایجنڈا آئٹم کے لیے کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017 کی دفعہ 143 اور 144 کی ضرورت سے مشروط حصص یافتگان کو مذکورہ ضوابط میں شامل شرائط و ضوابط کے مطابق پوسٹل بیلٹ یعنی پوسٹ یا ای ووٹنگ (e-voting) کے ذریعے اپنا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔